## الیکشن 2008ء کیلئے ایم کیو ایم کے نامزد امیدواروں کے حتمی ناموں کا اعلان کل ہوگا

## بعد نماز جمعہ کراچی سمیت سندھ بھر میں کارکنوں کے اس منعقد ہونگے۔ الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کرینگے

## جنرل ورکرز اجلاس کی تیاریوں کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے شعبہ جات کے اجلاس میں مختلف کمیٹیوں کی تشکیل

کراچی۔۔۔6، دسمبر 2007ء۔۔۔الیکشن 2008ء کیلئے ایم کیو ایم کے نامزد امیدواروں کے حتمی ناموں کا اعلان کل بروز جمعہ ہوگا۔ اس سلسلے میں بعد نماز جمعہ کراچی سمیت سندھ کے 19 شہروں میں ایم کیو ایم کے جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہونگے جن سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ اس سلسلے کا مرکزی اجلاس کراچی میں جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا جبکہ سندھ کے دیگر شہروں حیدرآباد، سکھر، میرپورخاص، نواشاہ، سانگھڑ، شکارپور، کشمور، خیرپور، گھوٹکی، نوشہرو فیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، قمبر شہدادکوٹ، ٹنڈوالہ یار، جیکب آباد، عمرکوٹ اور جامشورو میں بھی جنرل ورکرز اجلاس منعقد کیے جائیں گے۔ اجلاسوں میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، سابق حق پرست نمائندوں، ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات اور ونگز کے ارکان، ایم کیو ایم کی زونل، سیکٹر، یونٹ کمیٹیوں کے ارکان اور کارکنان کے علاوہ آئندہ عام انتخابات میں ایم کیو ایم کے نامزد کردہ حق پرست امیدواران شرکت کریں گے۔ 2008ء کے عام انتخابات کیلئے صوبہ پنجاب، سرحد اور بلوچستان سے ایم کیو ایم کے نامزد امیدواران کے حتمی ناموں کا اعلان علیحدہ کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں آج خورشید بیگم میموریل ہال ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان کا اجلاس ہوا جس میں جنرل ورکرز اجلاسوں کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور اجلاس کے انتظامات کو مربوط اور بہتر بنانے کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں جن میں پنڈال کمیٹی، اسٹیج کمیٹی، انتظامیہ کمیٹی، ساؤنڈ اینڈ لائٹ کمیٹی، میڈیا کمیٹی اور فوڈ کمیٹی شامل ہیں۔

## چرم قربانی کے حصول کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور ایم کیو ایم کے کارکنان کا اجلاس ہفتہ 8 دسمبر کو ہوگا۔ الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔6، دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام عیدالاضحی کے موقع پر چرم قربانی کے حصول کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور ایم کیو ایم کے کارکنان کا مشترکہ اجلاس ہفتہ 8 دسمبر کو سہ پہر 3 بجے فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں ہوگا۔ کراچی کے علاوہ سندھ کے دیگر شہروں حیدرآباد، سکھر، میرپورخاص، نواب شاہ، سانگھڑ، شکارپور، کشمور، خیرپور، گھوٹکی، نوشہرو فیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، قمبر شہدادکوٹ، ٹنڈوالہ یار، جیکب آباد، عمرکوٹ اور جامشورو میں بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور ایم کیو ایم کے کارکنوں کے اجلاس منعقد کیے جائیں گے۔ اجلاس سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کرینگے۔

## ایم کیو ایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد عثمان سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔6 دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد عثمان کی بھانجی کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیو ایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور آرگنائزنگ کمیٹی کے تمام ارکان نے بھی محمد عثمان سے ان کی بھانجی کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں یوکے کی کمیٹی کے تمام ارکان نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## قصبہ کالونی کی پختون برادری کے پیر مالک کی سینکڑوں پختون نوجوانوں اور بزرگوں سمیت متحدہ میں شمولیت

کراچی۔۔۔6، دسمبر 2007ء۔۔۔مسلم آباد قصبہ کالونی سائٹ ٹاؤن کی پختون برادری کے پیر مالک نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر اپنی برادری کے سینکڑوں پختون نوجوانوں اور بزرگوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم پختون

پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام منعقدہ اجتماع میں کیا۔اجتماع میں پختون عمائدین کے علاوہ سائٹ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم اظہاراحمد اور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم نے بھی شرکت کی ۔اس موقع پر علاقے کے پختون بزرگ اور نوجوان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے پختون نوجوانوں اور بزرگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور حق پرست نمائندوں نے کراچی بھر میں بلاامتیاز وتفریق عوامی خدمت کرکے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیوایم غریب عوام کی عملی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کا پیغام پھیل رہا ہے اور انشاءاللہ کراچی کے پختون عوام حق پرستی کے پیغام کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے سائٹ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم اظہاراحمد نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نے کراچی میں جس طرح سے بلاتفریق کام کرائے ہیں اس سے تمام قومیتوں، برادریوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد مستفید ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم عملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے اور ایم کیوایم کے بدترین مخالف بھی کراچی میں ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کی تعریف کررہے ہیں۔اجتماع سے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم نے بھی خطاب کیا اور متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے پختون نوجوانوں اور بزرگوں کو مبارکباد پیش کی ۔

## ایم کیوایم امریکہ کے زیراہتمام محترمہ خورشید بیگم کی 22ویں برسی منائی گئی

واشنگٹن ۔۔۔6، دسمبر 2007۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ امریکہ یونٹ کے زیراہتمام قائدتحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 22 ویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی اور مرحومہ کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ برسی کے سلسلے میں ایم کیوایم امریکہ کے تمام یونٹوں میں محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی ۔فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم امریکہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں مرحومہ کے بلند درجات، قائدتحریک جناب الطاف حسین سمیت تمام سوگواران کیلئے صبرجمیل، ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ایم کیوایم کے پیغام حق کے فروغ اور ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے کے علاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

## ایم کیوایم امریکہ یونٹ کا شکیل احمد صدیقی کی صاحبزادی کے انتقال پر اظہار تعزیت

نیویارک۔۔۔6، دسمبر 2007۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ امریکہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیوایم نیویارک یونٹ کے کارکن شکیل احمد صدیقی کی صاحبزادی سدرہ صدیقی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## لندن میں الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 22ویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی

لندن۔۔۔6، دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے زیراہتمام قائدتحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 22 ویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی اور مرحومہ کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس سلسلے میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع ہوا۔اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق، سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان ایم انور، طارق میر، آصف صدیقی، سلیم شہزاد، جاوید کاظمی، محمد اشفاق، مصطفیٰ عزیزآبادی، ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان، شعبہ خواتین کی اراکین، ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، برطانیہ کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے کارکنان اور ان کے اہل خانہ نے شرکت کی۔اس موقع پر خورشید بیگم مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں خورشید بیگم مرحومہ کے بلند درجات، سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اور ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے کے علاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وعافیت کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## حیدرآباد میں دو برس کے دوران بڑے ترقیاتی منصوبوں کیلئے 12 ارب 36 کرڑ 64 لاکھ روپے مختص

## 1210 ترقیاتی اسکیمیں شروع کی گئیں جن میں سے 636 کا افتتاح کردیا گیا ہے

## 145 ترقیاتی منصوبے کام کی تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں

## حیدرآباد کے ضلعی ناظم کی ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر پریس بریفنگ

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)7، دسمبر 2007ء۔۔۔۔ سندھ کے تیسرے بڑے شہر حیدرآباد میں حق پرست بلدیاتی قیادت کی جانب سے گذشتہ دو سالوں کے دوران بڑے ترقیاتی منصوبوں کیلئے 12 ارب 36 کرڑ 64 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں جس کے تحت 1210 ترقیاتی اسکیمیں شروع کی گئیں جن میں سے 636 پر کام مکمل کر کے ان کا افتتاح کردیا گیا ہے جبکہ 145 ترقیاتی منصوبے کام کی تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں علاوہ ازیں 431 بڑے ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈر جاری کیے جا چکے ہیں جن پر بہت جلد کام شروع ہوگا یہ بات جمعرات کے روز خورشید بیگم میموریل عزیز آباد میں ضلعی حکومت حیدرآباد کے ناظم کنور نوید جمیل کی جانب سے صحافیوں کو دی گئی بریفنگ اور دستاویزی فلم کی نمائش میں بتائی گئی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، اور ارکان رابطہ کمیٹی شعیب بخاری ایڈوکیٹ، شاہد لطیف، وسیم آفتاب، شکیل عمر، ڈاکٹر عاصم، نیک محمد اور اشفاق منگی بھی موجود تھے۔دستاویزی فلم میں بتایا گیا ہے کہ مذکورہ ترقیاتی منصوبوں کا تعلق فلائی اوورز اور پلوں کی تعمیر، سڑکوں کی تعمیر، فراہمی ونکاسی آب کے منصوبوں، تعلیم، صحت، پارکس، کھیل، بلڈنگ، زراعت، الیکٹرک سٹی اور فراہمی مشنری سے ہے۔یہ دستاویزی فلم اردو اور سندھی زبانوں میں کمنٹری کے ساتھ بنائی گئی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ حق پرست ضلعی حکومت حیدرآباد کے تحت فلائی اوورز، پلوں اور شاہراہوں کی تعمیر وتوسیع پر 2 ارب، 98 کروڑ، 51 لاکھ روپے، سڑکوں کی تعمیر اور گلیوں کی فرش بندی پر ایک ارب 24 کروڑ 77 لاکھ روپے، فلٹر پلانٹس کی تعمیر، آبی ذخائر، نئی لائنوں کی تنصیب اور فراہمی آب وغیرہ پر 2 ارب 98 کروڑ 74 لاکھ روپے، سیوریج ٹرٹمنٹ پلانٹ، پمپنگ اسٹیشن کی تعمیر اور نکاسی آب کی لائنوں کی تنصیب پر تین ارب 16 کروڑ روپے، شعبہ تعلیم میں ہائی اسکول، مڈل اسکول، پرائمری اسکول اور انگلش میڈیم اسکولوں کے قیام کے حوالے سے 525 اسکیموں پر 63 کروڑ 65 لاکھ روپے، شعبہ صحت میں ٹراما سینٹر، نئے اسپتالوں کی تعمیر اور موجودہ اسپتال کی تعمیر وتوسیع کی 22 اسکیموں پر 35 کروڑ 50 لاکھ روپے، پارکس اور کھیلوں کی 32 اسکیموں پر 24 کروڑ 99 لاکھ روپے جبکہ بلڈنگ ایگری کلچر اور الیکٹرک سٹی پر 76 اسکیموں پر 17 کروڑ 51 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں جن میں سے بیشتر اسکیمیں مکمل کی جاچکی ہیں جبکہ نئی مشینری میں جنریٹرز، کچرا اٹھانے والے ٹرک، اسٹریٹ میکانیکل سوئپر، راڈر مشینیں، سیس پول ٹینکرز کی فراہمی کی 61 اسکیموں پر 20 کروڑ 23 لاکھ روپے بھی خرچ کیے جارہے ہیں۔بعدازاں حق پرست ضلعی ناظم حیدرآباد کنور نوید جمیل نے صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد کا شمار ترقی اور خوشحالی کے حوالے سے پاکستان کے بڑے شہروں میں بہت جلد کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ گذشتہ 2 سال کے دوران حیدرآباد میں جو ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں اس کی نظیر گذشتہ 60 سالوں میں نہیں ملتی حیدرآباد کو ماضی میں نظرانداز کیا جاتا رہا ہے لیکن اب ایسا نہیں ہے، حیدرآباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست قیادت نے شہر کو ترقی یافتہ اور خوبصورت بنانے کیلئے تاریخی اقدامات کیے ہیں جس کا اعتراف اب مخالفین سمیت شہر کا ہر شہری برملا کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت، فکر، فلسفے، نظریے اور پروگرام کے مطابق شہر میں ترقیاتی عمل ہر قیمت پر جاری رہے گا۔انہوں نے بتایا کہ حیدرآباد کی ترقی پر جو خطیر رقم گذشتہ دو سال میں خرچ کی گئی ہے اور بڑے بڑے منصوبے شروع کیے گئے ہیں ماضی کی حکومتوں کی نسبت بہت زیادہ ہیں اور ماضی کی حکومتوں نے حیدرآباد کی ترقی کیلئے وسائل موجود ہونے کے باوجود کچھ نہیں کیا جبکہ حق پرست قیادت کا یہ عزم ہے کہ حیدرآباد کو بہت جلد ایک جدید شہر میں ترقی کردیا جائے گا۔

## روزنامہ خبریں کراچی کے ایڈیٹر امتنان شاہد کی ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی ۔۔۔6، دسمبر 2007ء۔۔۔روزنامہ خبریں کراچی کے ایڈیٹر، امتنان شاہد نے جمعرات کی شام متحدہ قومی موومنٹ کے صدر دفتر خورشید بیگم میموریل ہال کا دورہ کیا اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی اس موقع سابق حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی حیدر عباس رضوی اور فیصل سبزواری کے علاوہ روزنامہ خبریں کے سینئر صحافی عبدالوحید اور ایس ایم ممتاز بھی موجود تھے، معزز مہمان نے ایم کیو ایم رہنماؤں سے ملک کی موجودہ صورتحال، میڈیا کی آزادی آئندہ انتخابات اور اس سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کی تیاریوں کے علاوہ باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ معزز مہمان کچھ دیر تک خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رہے اور ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کر کے اس کی سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں اور کاموں کے طریقہ کار سے آگاہی حاصل کی۔

☆☆☆☆☆